سبق-19: چوتھا ھجري سال (مدنی زندگي)

غزوۂ اُحد میں مسلمانوں کو نقصان پہنچنے کے بعد دشمنوں کی ہمت بہت بڑھ گئی۔ صفر، 4 ہجری میں رسول ﷺ نے دو قبیلوں کے ساتھ 10 صحابہ کو دین سکھانے کے لیے بھیجا۔ رجیع نامی جگہ پہنچ کر اُن لوگوں نے دھوکہ دیا اور آٹھ صحابی شہید کر دیے۔

اُسی مہینے ایک اور درخواست پر نبی کریم ﷺ نے 70 صحابہ کو بھیجا، معونہ نامی جگہ پر دو صحابي کے علاوہ سب صحابہ دھوکے سے شہید کر دیے گئے۔

ایک یہودی قبیلے بنو نضیر نے رسول ﷺ کو قتل کرنے کی سازش کی، منافقین نے ان کا ساتھ دیا؛ لیکن وہ سب ناکام رہے۔ اس خطرناک سازش کی وجہ سے بنو نضیر کو مدینے سے نکال دیا گیا۔

چند اہم اسباق:

- قرآن وحدیث کی تعلیم کا خاص اہتمام کریں
- صحابہ کی قربانیوں کی قدر کریں

سن 4 ہجری کے اہم واقعات:

- رجیع کا حادثہ
- بئر معونہ کا حادثہ
- بنو نضیر کی جلاوطنی۔